AKASHVANI NEWS SRINAGAR

Text of Urdu News Bulletin
Dated : 03 November 2026
Time : 07:40 / PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے۔خبروں کا بلیٹن لیکر میں شبیر الزماں
پہلے اہم خبروں کی سرخیاں۔

ہیڈ لائنز

✓ ۱۔۔۔۔آغا سید روح اللہ مہدی کانیشنل کانفرنس کی بنیادی رکنیت اور ممبر پارلیمنٹ کی حیثیت سے استعفیٰ کا اعلان۔

✓ ۲۔۔۔۔وزیر اعلیٰ نے جموں میں زیر تعمیر نئے قانون ساز اسمبلی کمپلیکس کے کام کا لیا جائزہ// پروجیکٹ کی معیاد بند تکمیل پر دیا زور۔

✓ ۳۔۔۔۔جموں وکشمیر کے مجموعی ریونیو میں گزشتہ برس کے مقابلے میں **14** عشاریہ **8** فیصد کا اضافہ//وزیر خزانہ نے محکمے کی کارگزاری کا لیا تفصیلی جائزہ۔

اور

✓ ۴۔۔۔۔وزیر صحت کا اسپتالوں میں ایمرجنسی خدمات کو مستحکم کرنے اور صفائی ستھرائی کا ماحول قائم کرنے پر زور۔

استعفیٰ

نیشنل کانفرنس کے سینئر لیڈر اور سرینگر پارلیمانی حلقے کے ممبر پارلیمنٹ آغا سید روح اللہ مہدی نے آج نیشنل کانفرنس کی بنیادی رکنیت سے استعفیٰ دیا۔ہمارے بڈگام کے نمائندے شوکت شاہ نے خبر دی ہے کہ اس سلسلے میں بڈگام میں آغا سید روح اللہ مہدی کی طرف سے منعقد کئے گئے ایک عوامی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے پارلیمنٹ ممبر کی حیثیت سے بھی اپنے استعفیٰ کا اعلان کیا۔انہوں نے اپنے استعفیٰ کی ایک کاپی لوک سبھا سپیکر کو بھی ارسال کی ہے۔تاہم انہوں نے کہا کہ وہ لوگوں کی فلاح و بہبود کیلئے کام کرتے رہیں گے۔ واضح رہے کہ آغا سید روح اللہ مہدی کئی بار بڈگام کے اسمبلی ممبر رہ چکے ہیں اور وہ **2024** میں سرینگر بڈگام پارلیمانی حلقے سے لوک سبھا کیلئے نیشنل کانفرنس کی ٹکٹ پر منتخب ہوئے۔غور طلب ہے کہ پچھلے کچھ عرصے سے روح اللہ مہدی اپنی جماعت کی پالیسیوں اور بعض معاملات کو لے کر پارٹی کے موقف سے اختلاف رائے کا اظہار کرتے رہے ہیں۔

وزیر اعلیٰ

وزیرِ اعلیٰ عمر عبداللہ نے آج جموں میں زیرِ تعمیر نئی قانون ساز اسمبلی کمپلیکس کا معائنہ کرتے ہوئے تعمیراتی کام کی پیش رفت کا جائزہ لیا اور منصوبے کو مقررہ مدت میں مکمل کرنے کی ہدایت دی۔اس جدید 6 منزلہ کمپلیکس میں اسمبلی ہال، سینٹرل ہال، مہمانوں اور صحافیوں کیلئے گیلریاں، کمیٹی رومز اور جدید بلڈنگ مینجمنٹ سسٹم قائم ہوں گے۔یہ کمپلیکس 2 ارب 8 کروڑ روپے کی لاگت سے تعمیر کیا جارہا ہے۔واضح رہے کہ طویل عرصے سے تاخیر کے شکار اس منصوبے کو موجودہ حکومت نے 2025 میں نظر ثانی شدہ انتظامی منظوری دے کر دوبارہ شروع کیا تھا۔وزیرِ اعلیٰ نے متعلقہ محکموں کو باہمی تال میل کے ساتھ کام میں تیزی لانے کی ہدایت دی۔اُن کے ہمراہ نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری اور قانون ساز اسمبلی کے سپیکر عبدالرحیم راتھر بھی تھے۔

عمر عبداللہ

دریں اثناء وزیر اعلیٰ نے آج سول سیکریٹریٹ جموں میں **PWD** محکمے میں حال ہی

میں تعینات کئے گئے **17** امیدواروں میں تعیناتی کے آرڈر تقسیم کئے۔ وزیر اعلیٰ نے انہیں مبارکباد دیتے ہوئے امید ظاہر کی کہ یہ ملازمین تندہی اور لگن کے ساتھ کام کر کے محکمے کے کام کاج کو سودمند اور جموں کشمیر کی ترقی کو یقینی بنانے میں اپنا رول ادا کریں گے۔ اس موقعہ پر نائب وزیر اعلیٰ اور آر اینڈ بی کے ایڈیشنل چیف سیکریٹری انیل کمار سنگھ بھی موجود تھے۔

LG ملاقات

فیڈریشن آف انڈسٹریز جموں کے چیئرمین اور بڑی برہمنا انڈسٹری ایسوسی ایشن کے صدر ترون سنگلا نے آج راج بھون جموں میں لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا سے ملاقات کی۔ انہوں نے خطے میں تجارت اور صنعت کاری سے جڑے معاملات پر تبادلہ خیال کیا۔

ساگر

مال محکمے کے وزیر علی محمد ساگر نے محکمے کے افسروں کو ہدایت دی ہے کہ وہ لینڈ ریکارڈس کی ڈیجیٹائزیشن اور ویری فکیشن کے کام میں تیزی لائیں۔ جموں میں ایک میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ اراضی کی ڈیجیٹائزیشن کیلئے مناسب ویری فکیشن اور ریکارڈس کی جانچ کی جانی چاہیئے تاکہ ان اصلاحات کی بدولت عام شہریوں کو فائدہ مل سکے۔ انہوں نے بنیادی سطح پر مال محکمے کے انتظامیہ کو مضبوط کرنے پر بھی زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت عوام کو ان کی دہلیز پر بہتر حکمرانی عمل دستیاب کرنے کی وعدہ بند ہے۔

جاوید ڈار

وزیر خزانہ جاوید احمد ڈار نے آج جموں میں محکمے کے سینئر افسروں کے ساتھ ایک جامع تعارفی میٹنگ کے دوران جموں وکشمیر کی موجودہ مالی پوزیشن، ریونیو کارگزاری، خرچہ جات کے منیجمنٹ اور جاری مالی اصلاحات کا بغور جائزہ لیا۔ جاوید ڈار نے جموں وکشمیر کے اپنے مالیہ کے جماؤ پر اطمینان کا اظہار کیا جو اکتوبر **2026** تک **13** ہزار **628** کروڑ تک پہنچ گیا ہے اور یہ گزشتہ برس کے مقابلے

میں 14 عشاریہ 8 فیصد کے اضافے کا عکاس بھی ہے۔میٹنگ میں جانکاری دی گئی کہ ٹیکس آمدنی میں 15 عشاریہ 2 فیصد جبکہ نان ٹیکس آمدنی میں 13 فیصد کے اضافے کے ساتھ مجموعی طور پر اکتوبر 2026 تک جموں وکشمیر کی آمدنی میں قریب ایک ہزار 751 کروڑ روپے کا اضافہ درج کیا گیا ہے۔وزیر موصوف نے اہم اصلاحات پر عمل کرنے، مالی نظاموں کو ڈیجیٹائز کرنے، خرچوں کی نگرانی کرنے اور اپنے خود کے وسائل مضبوط کرنے پر خصوصی زور دیا۔

سکینہ ایتو

صحت اور سماجی بہبود کی وزیر سکینہ ایتو نے گورنمنٹ میڈیکل کالج جموں میں ایمرجنسی خدمات کو مزید مستحکم کرنے اور کالج میں صفائی ستھرائی میں مزید لچک لانے پر زور دیا ہے۔وہ آج کالج کے اچانک دورے پر تھیں جہاں انہوں نے ادارے کے افسروں اور ڈاکٹروں کے ساتھ تبادلہ خیال کے دوران زندگیاں بچانے میں پہلے انتہائی اہم گھنٹے کا بھرپور استعمال کرنے پر زور دیا۔وزیر موصوفہ نے اسپتال میں موجود کچھ مریضوں اور تیمارداروں سے بھی بات چیت کی اور ان سے اسپتال کی خدمات کے بارے میں فیڈ بیک حاصل کیا۔

جاوید رانا

خوراک، شہری رسدات اور امور صارفین کے وزیر جاوید احمد رانا نے آج سول سیکرٹریٹ جموں میں محکمے کے افسروں کے ساتھ دربارمُو کے بعد اپنی پہلی میٹنگ منعقد کی۔انہوں نے عوامی تقسیم کاری کے نظام اور ناپ تول کے شعبے میں اصلاحات کا جائزہ لیتے ہوئے خوارک کی یقینی فراہمی پر زور دیا اور صارفین کے حقوق کی حفاظت کے ساتھ ساتھ محکمے میں شفافیت برقرار رکھنے کی افسروں سے تاکید کی۔

انفورسمنٹ

انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ نے سرینگر میں 4 مقامات پر تلاشی کارروائیاں انجام دی ہیں۔یہ کارروائیاں دہشت پسندوں کو مالی مدد پہنچانے کے ایک کیس میں جاری تحقیقات کے تحت عمل میں لائی گئیں، جس میں عمر عادل ڈار نامی شخص اور اس کے کچھ ساتھی ملوث بتائے جاتے ہیں۔

NC

نیشنل کانفرنس کے ترجمان عمران نبی ڈار نے پی ڈی پی صدر محبوبہ مفتی کی جانب سے این سی پر لگائے گئے الزامات کو بے بنیاد قرار دیا ہے۔ پریس کے نام جاری ایک بیان میں انہوں نے پی ڈی پی پر پلٹ وار کرتے ہوئے کہا کہ اس جماعت کی بنیاد کشمیریوں کے مفادات کو نقصان پہنچانے کیلئے ڈالی گئی تھی۔ دریں اثناء نیشنل کانفرنس کے سینئر لیڈر اور راجیہ سبھا ممبر چودھری محمد رمضان نے بھی محبوبہ مفتی کو مخاطب کرتے ہوئے کہا ہے کہ انہیں شیر کشمیر مرحوم شیخ محمد عبداللہ پر سوال اٹھانے سے پہلے پی ڈی پی کے سیاسی ریکارڈ کے بارے میں جواب دینا چاہئے۔

بی جے پی

بی جے پی کے قومی نائب صدر رام مادھو نے کانگریس اور اس کے اتحادیوں پر انتخابی فہرستوں کی خصوصی نظر ثانی (ایس آئی آر) کے خلاف گمراہ کن مہم چلانے کا الزام لگایا ہے۔

جموں میں بی جے پی ہیڈکوارٹر پر ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے رام مادھو نے کہا کہ اپوزیشن آئینی اداروں پر بے بنیاد الزامات عائد کرکے عوام میں بداعتمادی پیدا کرنے کی کوشش کر رہی ہے، تاہم بی جے پی اس مہم کا حقائق کے ساتھ جواب دے گی۔

وقفہ

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سن رہے ہیں۔ خبریں آپ آکاشوانی کے موبائیل ایپلی کیشن اور DTH پر بھی سماعت کرسکتے ہیں۔

GONG

ٹریول مارکیٹ

ExCel لندن میں آج سے ورلڈ ٹریول مارکیٹ 2026 شروع ہوگیا ہے جو 5 نومبر تک جاری رہے گا۔اس سلسلے میں آج سیاحت کے مرکزی وزیر گجیندر سنگھ شیکھاوت نے بھارتی پویلین کا افتتاح کیا۔اس موقعے پر وزیر اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی اور ڈائریکٹر ٹورازم کشمیر سید قمر سجاد بھی موجود تھے۔جموں وکشمیر بھی اس مارکیٹ میں شریک ہے اور یوٹی کے 2 سٹال لگائے گئے ہیں جہاں سے جموں وکشمیر کی گوناگوں سیاحتی صلاحیتوں اور ابھرتے مواقعوں کو نمایاں کیا جارہا ہے۔ورلڈ ٹریول مارکیٹ میں جموں وکشمیر کی اس شرکت کے بارے میں ناظم سیاحت کشمیر سید قمر سجاد نے ہمارے نمائندے این اے عشرت سے بات کرتے ہوئے کہا۔

------Qamar Sajad--------

پولیس

منشیات کے کاروبار کے خلاف کارروائی جاری رکھتے ہوئے پولیس نے ہندوارہ میں لنگیٹ کے ایک ڈرگ سمگلر محراج الدین گوجری کا رہائشی مکان اٹیچ کیا ہے۔اننت ناگ ضلع میں بھی پولیس نے مختلف کارروائیوں کے دوران 4 منشیات فروشوں کو گرفتار کرکے ان کے قبضے سے نشیلی اشیاء برآمد کی، جبکہ اونتی پورہ میں پولیس نے خود رو بھنگ کی کاشت کو تباہ کیا ہے۔دریں اثناء گاندربل پولیس نے ضلعے کے گورنمنٹ فیزیکل کالج اسٹیڈیم میں سوک ایکشن پروگرام کے تحت ایک فٹبال ٹورنامنٹ کا اہتمام کیا ہے۔اس ٹورنامنٹ میں ضلعے سے تعلق رکھنے والی 16 ٹیمیں شرکت کررہی ہیں۔

ورکشاپ

کشمیر یونیورسٹی نے انسٹی چیوٹ آف مینٹل ہیلتھ اینڈ نیورو سائنسز سرینگر اور چائلڈ گائیڈنس اینڈ Wellbeing سینٹر کے باہمی اشتراک سے آج یونیورسٹی کے مین کیمپس میں ''منشیات کے استعمال کی روکتھام اور نوجوانوں کی ذہنی صحت'' کے موضوع پر ایک روزہ ورکشاپ کا اہتمام کیا۔اس موقعے پر یونیورسٹی کی وائس چانسلر پروفیسر نیلوفر خان نے نوجوانوں میں صحت مند طرز زندگی اور

بروقت رہنمائی کی اہمیت پر زور دیا۔ ورکشاپ کے دوران کئی سیشنز منعقد ہوئے جس دوران ماہرین نے نوجوانوں میں منشیات سے بچاؤ کیلئے بیداری اور ذہنی تناؤ پر قابو پانے کی ضرورت اجاگر کی۔

تمباکو نوشی

اس دوران ملک کے ساتھ ساتھ جموں وکشمیر میں بھی **60** دنوں پر مشتمل تمباکو مکت نوجوان مہم کے تحت بیداری پروگراموں کا سلسلہ جاری ہے۔ اس تعلق سے سکولوں اور کالجوں میں سمیناروں اور بحث ومباحثوں کا انعقاد کرکے نوجوانوں کو تمباکو نوشی کے مضر اثرات سے واقف کرایا جارہا ہے۔ مختلف محکمے بھی جگہ جگہ بیداری پروگراموں کا انعقاد کرکے سماج کو اس بدعت سے پاک رکھنے کیلئے اقدامات کرنے پر زور دے رہے ہیں۔

سارس میلہ

سرینگر کے پولو ویو پارک میں منعقد کیا گیا **10** روزہ سارس میلہ آج اختتام پذیر ہورہا ہے۔ اس میلے میں **17** ریاستوں اور یوٹیز کے دستکاروں نے شرکت کرکے اپنی مصنوعات، نمائش اور خرید وفروخت کیلئے رکھی تھی۔ اس میلے کے انعقاد کے اغراض ومقاصد کے بارے میں جے اینڈ کے رورل لائیولی ہُڈس مشن کی مشن ڈائریکٹر ڈاکٹر شبھرا شرما نے ہمارے نمائندے سید مبشر رفاعی سے بات کرتے ہوئے کہا۔

------Shubhra Sharma-------

دینی مجلس

بلند پایہ ولی حضرت میر سید احمد کرمانی رحمتہ اللہ کی زیارت گاہ واقع نوہٹہ سرینگر میں آج ایک دینی تقریب کا اہتمام ہوا جہاں صبح سویرے سے ہی قرآن خوانی، ختمات المعظمات، درود واذکار اور نعت ومناجات کی روح پرور مجالس منعقد ہوئیں۔ اس موقعے پر عالم اسلام کے ساتھ ساتھ جموں وکشمیر میں قیام امن، خوشحالی اور ترقی کیلئے خصوصی دعائیں مانگی گئیں۔

تعزیت

گمرکھ کولگام سے تعلق رکھنے والے ایک عمر رسیدہ شاعر کتب الدین شکیل کا انتقال ہوگیا ہے۔ وہ 80 برس کے تھے۔ ان کے انتقال پر کئی ادبی تنظیموں نے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ تعزیت کرنے والوں میں بزم ادب کاترسو، سمنانیہ بزم ادب کولگام اور نامور شاعر وقلمکار ڈکٹر حسرت حسین بھی شامل ہیں۔

وزیراعظم

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ پونے ترقی یافتہ بھارت کے خواب کو شرمندہ تعبیر کرنے میں ایک اہم رول ادا کر رہا ہے اور میٹرو نیٹ ورک کو توسیع دینے سے شہر کے ترقیاتی منظر نامے میں مثبت تبدیلی آرہی ہے۔ آج پونے میں 21 ہزار 800 کروڑ روپے لاگت والے پونے میٹرو پروجیکٹوں کو ورچول طریقے پر عوام کے نام وقف نے کے بعد ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ میٹرو ریل خدمات اب ملک کے 26 شہروں میں چالو ہیں اور میٹرو نیٹ ورک ایک ہزار 2 سو کلو میٹر تک پہنچ گیا ہے۔

-----PM-------

ISRO

خلائی تحقیق میں ایک اہم پیش رفت کے تحت بھارت کے شمسی مشاہداتی مشن آدتیہ ایل ون نے سورج سے خارج ہونے والے طاقتور مادّے کے خلاء میں پھیلاؤ سے متعلق اہم معلومات فراہم کی ہیں۔ وزارتِ سائنس وٹیکنالوجی کے مطابق آدتیہ ایل ون اپنے 7 سائنسی آلات کی مدد سے سورج کا مسلسل مشاہدہ کر رہا ہے۔ ان تحقیقاتی مشاہدات سے خلائی موسم کو بہتر طور پر سمجھنے میں مدد ملے گی، جو مصنوعی سیارچوں اور مواصلاتی نظام پر اثر انداز ہوسکتا ہے۔

ادویات

صحت اور خاندانی بہبود کی مرکزی وزارت نے دواؤں سے متعلق 1945 کے ضابطوں میں سے ضابطہ 43-A میں ایک ترمیم کی تجویز پیش کی ہے، جس کا مقصد دواؤں، طبی آلات اور کاسمیٹکس کی درآمدات کو ملک میں لائے جانے کی مجاز جگہوں کی تعداد میں اضافہ کرنا ہے۔اس مجوزہ ترمیم کا مقصد حفظانِ صحت سے متعلق مصنوعات کی درآمدات کے کام کاج کو بلا رکاوٹ بنانا، لاجسٹکس کو بہتر بنانا اور ان کی سپلائی چین کو مضبوط بنانا ہے۔

ہوابازی

مرکزی سرکار نے شہری ہوابازی کے شعبے کیلئے نئے ضوابط نافذ کرنے کا اعلان کیا ہے، جو تقریباً 90 سال پرانے ایئر کرافٹ رولز 1937 کی جگہ لیں گے۔Bharatiya Vayuyan Niyam 2026 کے نام سے موسوم یہ نئے قوانین آئندہ سال یکم جنوری سے نافذ العمل ہوں گے۔ان میں طیاروں کی رجسٹریشن، حفاظتی اقدامات، دیکھ ریکھ اور ہوائی اڈوں کے آپریشنز شامل ہیں۔نئے ضوابط کے تحت ایئر لائنز کو کرایوں میں شفافیت برقرار رکھنے اور کرایوں کی تفصیلات ڈائریکٹر جنرل شہری ہوابازی کو فراہم کرنا لازمی ہوگا۔

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق اگلے 24 گھنٹوں کے دوران جموں وکشمیر میں موسم عام طور پر خشک رہنے کا امکان ہے۔سرینگر میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 21.6 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 3 ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔جموں میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 30 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 15 ڈگری سیلشیس درج کیا گیا۔ سرینگر میں کل طلوع آفتاب صبح 6 بجکر 53 منٹ اور غروب آفتاب شام 5 بجکر 36 منٹ پر ہوگا۔

Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔

اجازت دیجئے۔خدا حافظ